خون کی نالیوں سے دوا کا رساؤ

Extravasation



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

Extravasation کی صورت میں آپ کو علاج کے لئے ضروری ہدایات دی جائیں گی۔ مثلاً متاثرہ جگہ پر (ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق) کریم لگانا، متاثرہ بازو اور ہاتھ کی ورزش اور (اگر ضرورت ہو تو) ورد روکنے والی ادویات کا استعمال شامل ہے۔

کسی بھی قسم کی مدد یا دیگر معلومات کے لئے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں۔

فون: +92 42 35905000

کیموتھیراپی ڈیپارٹمنٹ: 24 گھنٹے سروس

شعبہ بالغان: 5016

شعبہ بچگان: 5014

شعبہ داخل مریضاں:

2291, 2292 : Inpatient - ii (A)

2295 : Inpatient - ii (B)

2395, 2399 : Inpatient - iii

PGS/RAD/01/01/U

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 3590 5000 | UAN : 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

کیموتھراپی لگانے کے دوران دوا کا خون کی نالیوں سے خارج ہونے اور نتیجتاً اردگرد کے خلیوں میں داخل ہو کر سوزش اور تکلیف کا باعث بننے کو Extravasation کہا جاتا ہے۔

(Extravasation) کی وجوہات:۔

اس کی صحیح وجہ کا اگرچہ ہمیشہ پتہ نہیں چلتا تاہم بعض لوگوں میں اس کا خطرہ دوسروں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ مثلاً

۱۔ ایسے افراد جن کی وریدیں کمزور ہوتی ہیں۔
۲۔ ایسے افراد جن کے خون جمانے کے خلیے (پلیٹ لٹ)(Platelet) کی مقدار کم ہو۔
۳۔ ایسے افراد جن کو پہلے ہی کیموتھیراپی بذریعہ ورید بہت زیادہ مقدار میں دی گئی ہو۔
۴۔ بچے
۵۔ زیادہ عمر کے لوگ۔
۶۔ پریشان یا مضطرب لوگ۔

(Extravasation) کی علامات:۔

ورید میں دوا کے انتقال کی جگہ پر یا اس کے اردگرد سرخی، سوزش یا خراش، حرارت، درد، جلن یا سوجن کا محسوس ہونا۔

خوش قسمتی سے علامات میں شدت کم ہی دیکھنے میں آتی ہے تاہم یہ جلد کی اوپر والی سطح پر سوزش یا آبلوں سے لے کر جلد کے نیچے پٹھوں کو نقصان پہنچانے تک ہو سکتی ہے۔

تشخیص کیسے کی جائے؟

اس کی تشخیص آسان نہیں کیونکہ بعض دواؤں سے جزوی زخم آتے ہیں۔ تو کچھ دوائیں جلد پر (علاج کی جگہ کے گرد) سرخی کا باعث بنتی ہیں۔

تاہم انتقالِ دوا کے وقت اگر آپ دوائی دیئے جانے کی جگہ درد یا کوئی دوسری تبدیلی محسوس کریں تو فوری طور پر اپنی نرس کو مطلع کریں۔

نرس کو کسی بھی مسئلہ کی نشاندہی آپ کے بتانے سے ہی ہوگی۔ جس کے بعد ہی ہم کوئی علاج یا حفاظتی تدبیر اختیار کر سکتے ہیں۔

(Extravasation) کی تصدیق یا خدشہ کی صورت میں آپ متعلقہ جگہ کا دن میں ایک بار ضرور معائنہ کریں تاکہ دیکھا جا سکے کہ:۔

۱۔ متاثرہ جگہ کی رنگت میں کوئی تبدیلی تو نہیں آئی یا سرخی میں اضافہ تو نہیں ہوا۔
۲۔ متاثرہ جگہ پر آبلے تو نہیں بن گئے۔
۳۔ متاثرہ جگہ پر خارش تو محسوس نہیں ہو رہی۔
۴۔ درد کے سبب ہاتھ یا بازو کی حرکت میں یا ورزش کرنے میں مشکل تو نہیں پیش آ رہی۔

مندرجہ بالا علامات میں سے کسی ایک یا زیادہ کے ظاہر ہونے کی صورت میں فوراً شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال سے رابطہ کریں۔
(رابطہ نمبر آخر میں درج ہے)۔

کیا (Extravasation) سے بچاؤ ممکن ہے؟

درست سوئی (IV. Cannula) کے انتخاب اور ہاتھ یا بازو پر اسے ٹھیک لگانے سے گو کہ **Extravasation** کے خطرہ کو کم کیا جا سکتا ہے لیکن اسے مکمل طور پر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ اس لئے نس میں دوا لگے ہونے کے دوران (سوئی لگی جگہ یا اس کے گرد) کسی بھی تبدیلی کی صورت میں ڈیوٹی پر موجود نرس کو فوراً مطلع کریں تاہم فوری عمل کے باوجود بعض دوائیں بافتوں کو زیادہ نقصان پہنچا سکتی ہیں جس کے لئے مریض کو کسی پلاسٹک سرجن سے مشورہ لینا پڑ سکتا ہے۔

علاج کیسے کیا جاتا ہے؟

شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال میں **Extravasation** کے علاج کے لئے دوائیں اور بہتر انتظام کیلئے واضح پالیسی موجود ہے اور ہسپتال میں کام کرنے والے تمام متعلقہ عملہ کو اس کی باقاعدہ تربیت دی جاتی ہے۔